SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
November 8, 2023

ایس ای سی پی نے سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراءپر کانسپٹ پیپر جاری کر دیا

اسلام آباد(نومبر 8)سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس کمپنیوں کی جانب سے سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراءاور سالوینسی کے طریق کار کو بہتر بنانے کے پیش نظر کانسپٹ پیپر جاری کیا ہے، جس میں انشورنس رولز 2017 میں تجویز کی گئی ترامیم کا پس نظر بھی دیا گیا ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈروں سے مجوزہ ترامیم پر آراء و تجاویز طلب کی گئی ہیں۔

مجوزہ ترامیم کے تشریحی مقالے کا مقصد انشورنس کمپنیوں کی جانب سے سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراء کو سہل بنا کر کمپنیوں کو مالی طور پر مستحکم بنانے اور انشورنس کمپنیوں کی رسک مینجمنٹ کی صلاحیتوں کو بڑھانے کا جائزہ لینا ہے۔ سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کا اجراء بیمہ کمپنیوں کو سالوینسی کی ضروریات میں مؤثر طریقے سے سرمایہ کے حصول کا متبادل ذریعہ فراہم کرتا ہے۔
کانسپٹ پیپر میں سب آڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کی خصوصیات اور ریگولیٹری فریم ورک کا خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے۔
مجوزہ فریم ورک کے تحت ماتحت قرض (سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز) کے اجراء سے انشورنس کمپنیوں کو کئی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں جیسا کہ کمپنیوں سالوینسی مارجن کو برقرار رکھنے کی صلاحیت، متبادل سرمائے میں اضافے، قرض کی اہلیت میں اضافہ، اور مالیاتی دباؤ کے دوران رسک مینجمنٹ کی صلاحیت فراہم کرنا شامل ہے۔

انشورنس کمپنیوں کی جانب سے سب آرڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز کا اجراء، قرض کے حصول کے ایک نئے انسٹرومنٹ کے طور پر پاکستان کی کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سب آڈینیٹ ڈیٹ سکیورٹیز بارے کانسپٹ پیپر ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن کے پانچ سالہ انشورنس سیکٹر کے ترقیاتی منصوبے کا حصہ ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005